Sr

# بزرگ افراد کے لیے اسکائپ 101

# بزرگ افراد کے لیے اسکائپ

**اسکائپ کی ویڈیو کالز سے ایک وقت میں زیادہ سے زیادہ 50 لوگ آسانی سے ملاقات کر سکتے ہیں اور مربوط ہو سکتے ہیں۔ یہ مقامی اور بین الاقوامی اسکائپ سے اسکائپ کالز اور ویڈیو کانفرنسنگ کے لیے مفت ہے۔**

**یہ اسکائپ کو ڈاؤن لوڈ، استعمال اور نیویگیٹ کرنے کے حوالے سے ایک مرحلہ بہ مرحلہ کتابچہ ہے۔**

# مرحلہ 1

## اسکائپ ڈاؤن لوڈ کریں

آپ کی ڈیوائس کی بنیاد پر، جو آپ استعمال کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، آپ کو اسکائپ کا ایک مخصوص ورژن ڈاؤن لوڈ کرنا پڑے گا۔ بزرگ افراد کے لیے، اس بات کی سفارش کی جاتی ہے کہ اسکائپ کسی آئی پیڈ، اینڈرائیڈ ٹیبلٹ یا کمپیوٹر پر لگایا جائے، کیونکہ موبائل فونز چھوٹے ہوتے ہیں اور ان کی دیگر ڈیوائسز کی نسبت آواز کم ہو سکتی ہے۔

نوٹ: اپنی ڈیوائس کا انتخاب کرتے ہوئے، یقینی بنائیں کہ اس میں ویڈیو اور مائیکرو فون کی صلاحیت موجود ہو۔

ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے:

**لیپ ٹاپ/ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر**
کسی ایک لنک پر کلک کریں:

- ونڈوز کے لیے اسکائپ
- میک کے لیے اسکائپ




اپنے زیر استعمال کمپیوٹر سسٹم کو ڈراپ ڈاؤن لسٹ سے منتخب کریں۔

# بزرگ افراد کے لیے اسکائپ

ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے:

**موبائل فون**
(اینڈرائیڈ اور آئی فون)
لنک پر کلک کریں:
موبائل کے لیے اسکائپ

اپنے موبائل سسٹم کی قسم کی بنیاد پر ایپ اسٹور منتخب کریں:
اینڈرائیڈ گوگل پلے استعمال کرتا ہے، آئی فون ایپ اسٹور استعمال کرتا ہے۔




**ٹیبلٹ**
(آئی پیڈ اور اینڈرائیڈ)
اس لنک پر کلک کریں:
ٹیبلٹ کے لیے اسکائپ

ڈراپ ڈاؤن لسٹ سے ٹیبلٹ سسٹم کی قسم منتخب کریں۔



# مرحلہ 2

## اسکائپ کے لیے ایک مفت اکاؤنٹ بنائیں







جب آپ کی ڈیوائس میں ایپ ڈاؤن لوڈ ہو گئی ہو، تو اب اپنا اکاؤنٹ بنانے کا وقت ہے۔ اسکائپ کے لیے ایک نیا اکاؤنٹ بنانے کے لیے اس لنک پر کلک کریں: ایک مفت اکاؤنٹ بنائیں

آپ ایک ای میل پتے یا فون نمبر کے ساتھ ایک اسکائپ اکاؤنٹ بنا سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس کوئی ای میل پتہ نہیں ہے، مگر حاصل کرنا چاہیں گے، تو "ایک نیا ای میل پتہ حاصل کریں" پر کلک کریں اور مراحل پر عمل کریں۔ بصورت دیگر، فون نمبر کے انتخاب کو منتخب کریں۔

اگلی اسکرینز آپ سے ذاتی معلومات درج کرنے کا کہیں گی، مثلاً عمر، نام اور مقام۔ معلومات درج کریں اور کلک کرنا جاری رکھیں۔

ایک نجی اور منفرد پاسورڈ منتخب کرنا اہم ہے۔ کوئی ایسی چیز منتخب کرنا یقینی بنائیں، جس کا آسانی سے اندازہ نہ لگایا جا سکتا ہو۔

بعض اوقات، اسکائپ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے صارف کو آزمائے گا کہ ایک حقیقی اکاؤنٹ بنایا جا رہا ہے۔ ایسا کرنے کے لیے، وہ آپ کو اسکرین پر دکھایا جانے والا کوئی لفظ لکھنے یا تصویر منتخب کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔ اسے کیپچا کہا جاتا ہے اور اسے مکمل کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ کو کیپچا کوڈ درج کرنے کا کہا جائے، تو یہ درج کریں اور "اکاؤنٹ بنائیں" پر کلک کریں۔

آپ کے پاس اب ایک فعال اسکائپ اکاؤنٹ ہے۔

اسکائپ کی پرائیویسی اور سیکورٹی کی خصوصیات کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے، براہ کرم یہاں ملاحظہ کریں۔

/https://support.skype.com/en/skype/all/privacy-security/privacy-settings

# مرحلہ 3

## اسکائپ میں سائن ان کریں




آپ اسکائپ کے ایک نام، جو آپ نے خود منتخب کیا ہو، یا اپنے فون نمبر (اس بنیاد پر کہ آپ نے اکاؤنٹ کو کیسے رجسٹر کیا)، ای میل یا فون کے ذریعے اسکائپ میں سائن ان کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس پہلے سے اسکائپ یا مائیکروسافٹ کا اکاؤنٹ ہو تو:

1 اسکائپ کھولیں اور اسکائپ کے نام، ای میل یا فون کو منتخب کریں۔

2 اپنا اسکائپ کا نام، ای میل یا فون درج کریں اور "اگلا" کو منتخب کریں۔




3 اپنا پاسورڈ درج کریں اور جاری رکھنے کے لیے تیر کو منتخب کریں۔ آپ اب اسکائپ میں سائن ان ہو گئے ہیں۔

**نوٹ:** ایک مرتبہ آپ سائن ان ہو گئے، تو اسکائپ بند کرنے یا سائن آؤٹ کرنے پر اپنے اکاؤنٹ کی ترتیبات کو یاد رکھنے کا انتخاب منتخب کرنے پر، اسکائپ آپ کی سائن ان کی معلومات کو یاد کر لے گا۔

اسکائپ یوزرنیم اور پاسورڈ کے لیے، ایسے یوزرنیم اور پاسورڈ رکھیں، جنھیں آپ آسانی سے یاد رکھ سکتے ہوں۔ اپنے یوزرنیم کو اپنے کلب کے اراکین سے شیئر کریں، تاکہ وہ آپ کی کالز موصول کرنے اور آپ سے مربوط ہونے کے لیے تیار ہوں۔







ایک مرتبہ جب آپ نے اپنا اسکائپ یوزرنیم دے دیا، تو اپنے کلب کے اراکین سے ان کے یوزرنیم مانگیں۔ آپ لاگ ان کرنے کے بعد ذیلی دائیں کونے پر موجود "رابطے" کے آئیکن پر کلک کر کے اور پھر بالائی دائیں کونے میں "رابطہ شامل کریں" پر کلک کر کے انہیں آسانی سے شامل کر سکتے ہیں۔

# مرحلہ 4

## گروپ بنانا

ایک گروپ چیٹ شروع کرنے کے لیے، آپ کو ایک گروپ بنانا ہو گا۔ اس گروپ کو کئی صارفین کے درمیان '**کانفرنس کالز**' کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے (مثلًا آپ کے کلب کے اراکین)۔

اسکائپ ونڈو کی بائِیں جانب رابطوں کی فہرست میں سے کسی ایک صارف پر کلک کریں، جسے آپ اپنے گروپ میں شامل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے بعد بالائی دائیں کونے میں واقع "**لوگوں کو شامل کریں**" پر کلک کریں۔




بائیں جانب پر رابطوں کی فہرست میں سے ان رابطوں کو منتخب کریں، جنہیں آپ منتخب کرنا چاہتے ہیں اور '**منتخب کریں**' پر کلک کریں۔




منتخب شدہ صارفین اسکرین کی دائیں جانب موجود "**اس گروپ میں لوگ**" کے خانے میں نظر آئیں گے۔ جب آپ نے تمام اراکین کو شامل کر لیا ہو، تو ختم کرنے کے لیے '**شامل کریں**' پر کلک کریں۔



# مرحلہ 4 جاری شدہ

## رابطوں کی فہرست میں گروپ کو محفوظ کرنا




گروپ چیٹ ونڈو میں "**گروپ کو رابطوں میں محفوظ کریں**" پر کلک کریں۔




گروپ کا نام درج کریں اور '**ٹھیک ہے**' پر کلک کریں۔

نیا گروپ آپ کے رابطوں کی فہرست میں شامل ہو جائے گا اور اسکرین کی بائیں جانب گروپ کا نام بھی بدل جائے گا۔

# مرحلہ 5

## اپنی کال کی قسم منتخب کریں

اپنے رابطوں کی فہرست بنانے کے بعد، آپ اپنی پہلی اسکائپ کال کرنے کے لیے تیار ہوں گے۔

کسی رکن/گروپ کے نام پر کلک کر کے کال کرنے کے لیے کلب کا ایک رکن یا نیا بنا ہوا گروپ منتخب کریں۔




اس کے بعد آپ کو اس بات کا فیصلہ کرنے کے لیے کئی بٹن نظر آئیں گے کہ کس قسم کی کال کرنی ہے۔ آپ درج ذیل چیزوں میں سے انتخاب کر سکتے ہیں:

**ویڈیو کالز:** اگر آپ آمنے سامنے رابطہ کرنا چاہتے ہیں، تو ویڈیو بٹن پر کلک کریں۔

**فون کالز:** اگر آپ ویب کیم کے بغیر کال کرنا چاہتے ہیں، تو فون بٹن پر کلک کریں۔

ایک مرتبہ جب رابطہ مضبوط ہو جائے، تو آپ کے پاس دوسرے رکن کی تصویر پوری اسکرین پر ہو گی اور آپ کی اپنی تصویر ذیلی دائیں کونے میں ایک چھوٹے خانے میں ہو گی۔

**آپ اب مربوط ہو گئے ہیں۔ اب آپ دونوں جتنا چاہیں باتیں کر سکتے ہیں!**

# مرحلہ 6

## کال ختم کریں

ایک مرتبہ جب آپ نے کال مکمل کر لی، تو گفتگو کے ختتام کے لیے بس سرخ ہینڈ سیٹ آئکن کو دبائیں اور پروگرام بند کر دیں۔



# اسکائپ کے مشورے اور ٹوٹکے

## اسکائپ سے واقفیت حاصل کرنا




A **پروفائل:** اپنی ترتیبات تک رسائی حاصل کریں اور انہیں تبدیل کریں

B **مزید:** اپنی ترتیبات، مدد اور جوابی رائے تک رسائی حاصل کریں یا اسکائپ سے سائن آؤٹ کریں

C **چیٹس:** اپنی چیٹس اور پسندیدہ چیزوں کو جلدی سے تلاش کریں

D **کالز:** آمنے سامنے یا گروپ کالز کریں

E **رابطے:** اپنے رابطے تلاش کریں، دیکھیں کون فعال ہے اور لوگوں کو اسکائپ پر آنے کی دعوت دیں

F **اطلاعات:** ترتیب دیں، تاکہ آپ کو چھوٹ جانے والی چیٹس کے متعلق آگاہ کیا جائے (پروفائل، ترتیبات، اطلاعات پر کلک کریں)

G **ابھی ملیں:** فورًا دوستوں اور خاندان کے ساتھ مل کر کام کرنے کی ایک جگہ بنائیں، بے شک وہ اسکائپ پر نہ بھی ہوں

H **نئی چیٹ:** ایک نئی، آمنے سامنے، گروہی یا نجی گفتگو کا آغاز کریں

I **چیٹس کو علیحدہ کریں:** اپنی چیٹس کو بھیجنے کے وقت یا نہ پڑھے ہوئے پیغامات کے مطابق علیحٰدہ کریں

**حوالہ**

https://support.Skype.com/en/faq/FA11098/how-do-i-get-started-with-Skype
https://www.Skype-lab.com/en/guide/chat/group-im.html